Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالھم و ملکہم

نمبر ۳۲ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۸ ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۸ جولائی ۱۹۳۶ء جلد

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم

۱	ترمیم تاریخ مراجعت (از مسوری) اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم (۲۵ جولائی ۱۹۳۶ء بجائے ۲۰ جولائی ۱۹۳۶ء)	۲
۲	منظوری جرمانہ۔ کپتان شکور علی خاں ایڈی سی۔	//
۳	اخراج نام از تاریخ فوتی کپتان صاحبزادہ سید رشید علی خاں بہادر ایڈی سی۔	//
۴	ترمیم استعفا و رخصت عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر	۴

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	منظوری بابت موسوم کئے جانے "صیغہ ورکشاپ باغات" باسم "صیغہ آب رسانی باغات"	۴
۲	تقرر ڈاکٹر عبدالرشید ایل۔ ایس۔ ایم۔ ایف بعہدہ اسسٹنٹ سرجن	//
۳	منظوری ہارس الاؤنس منشی سعید الدین خاں تحصیلدار سوار	//

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

روبکار اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- (مسوری) واقع ۱۲ر جولائی ۱۹۳۶ء

مراجعت مسوری کے متعلق ۷ر جولائی کو روبکار جاری ہوا ہے جس میں تاریخ مراجعت ۲۰ر جولائی مقرر ہوئی ہے۔ اب تاریخ مراجعت ۲۵ر جولائی مقرر کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

باجرائے احکام از سرشتہ صدر عالیمرتبت صاحب [illegible] بہادر و عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس و عالیمرتبت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر کی خدمت میں مستدعی ہوا جائے کہ جملہ بابت متعلقہ حسب معمول انتظامات فرمائے جائیں۔ ایک نقل صاحب چیرمین میونسپل بورڈ کی خدمت میں بغرض انتظام صفائی وغیرہ اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجی جائے۔ ایک نقل اجلاس ہذا میں بھی بھیجدی گئی ہے۔

۱۳ر جولائی ۱۹۳۶ء دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- (مسوری) واقع ۱۰ر جولائی ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ۔ کپتان شکور علیخاں اے ڈی سی پر جرمانہ کی منظوری دیجاتی ہے۔ شیٹ رول میں درج ہو۔ کاغذ برائے اجرائے احکام سرشتہ

...کو مرسل ہو

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض   میر سامان

جناب عالی

کپتان شکور علیخاں صاحب اے ڈی سی ڈیوٹی پر عموماً تاخیر سے حاضر ہوتے ہیں۔ آج بھی وہ بلانے پر حاضر ہوئے۔ جو مزاج ہمایوں کے خلاف ہوا۔ قبل ازیں ان کو ہدایات اور سزائیں ہو چکی ہیں۔ یہاں مسوری پر بھی ان کو چند مرتبہ فہمائش کی گئی ہے مگر ان میں اصلاح نہیں ہوئی۔ تنخواہ عرض پرداز ہے کہ اس مرتبہ ان پر دس روپیہ جرمانہ، اور شیٹ رول میں اندراج کا حکم شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب۔

دولت و اقبال جاوید باد

عریضہ صاحبزادہ ... ملٹری سکریٹری بہادر
مورخہ ۱۰ر جولائی ۱۹۳۶ء

حکم:- مسوری واقع ۱۵ر جولائی ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ۔ کپتان صاحبزادہ سید شیدا علی اے ڈی سی کا نام تاریخ انتقال سے خارج کیا جائے

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و حکمہم

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و حکمہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

کپتان صاحبزادہ سید رشید علیخاں بہادر اے ڈی سی کا کل ۱۲؍ ماہ حال کو بقضائے الٰہی انتقال ہو گیا۔

اطلاعاً عرضداشت حضور انور میں پیش ہے حکم ہمایوں بابتہ اخراج نام صادر فرمایا جاوے۔

الٰہی آفتاب دولت تاباں و درخشاں باد

فقط

[illegible] دستخط عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر

مورخہ ۱۴؍ جولائی سنہ ۱۹۳۶ء

روبکار :- (مسودی) واقع ۱۵؍ جولائی سنہ ۱۹۳۶ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر کی رخصت (۹۲) یوم بمنشائے روبکار ۱۲؍ مئی سنہ ۱۹۳۶ء منظور ہوئی تھی ۱۹؍ مئی لغایتہ ۱۸؍ جون (۳۱) یوم کی رخصت سے استفادہ کر چکے ہیں اور بقیہ رخصت بارہ یوم منظور شدہ ۱۹؍ لغایتہ ۳۰؍ جولائی و رخصت (۱۹) یوم ۲۰؍ اگست لغایتہ ۵ ستمبر

تیس یوم کی رخصت کے ۱۷؍ اگست سے مستدعی ہیں لہذا بقیہ رخصت محو کیجا کر ۱۷؍ اگست کے ۱۸؍ اگست سے تیس یوم کی رخصت منظور کیجاتی ہے۔ اس زمانہ میں ان کے متعلقہ کاغذات اجلاس ہمایوں میں پیش کئے جائیں۔ ہم اس زمانہ میں خود رامپور میں ہوں گے۔

مکرر آنکہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و حکمہم

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ واقع ۱۲ر جولائی ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۸ر جولائی ۱۹۳۶ء میں کاغذات بابت منظوری معلوم کے جانے ورکشاپ باغات بنام صیغہ آبرسانی، پیش ہو کر طے پایا کہ :۔

آیندہ سے ورکشاپ باغات کو صیغہ آبرسانی باغات کے نام سے موسوم کیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ بعد اجرائے احکام مسل کاغذات دفتر کونسل کو واپس کے جائیں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ واقع ۱۲ر جولائی ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۸ر جولائی ۱۹۳۶ء میں کاغذات تقرر ڈاکٹر عبدالرشید ایل۔ ایس۔ ایم۔ ایف باشندہ ضلع غیر برجائے آسامی ڈاکٹر ضیا واحد خاں سب اسسٹنٹ سرجن مشاہرہ دار پچاس روپیہ پیش ہو کر طے پایا کہ :۔

حسب اتفاق سروس سلکشن بورڈ صیغہ فائنانس ڈاکٹر عبدالرشید ایل۔ ایس۔ ایم۔ ایف۔ باشندہ ضلع غیر کا تقرر بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہانہ بعہدہ سب اسسٹنٹ سرجن منظور ہے۔ تنخواہ یوم کارگزاری سے دلائی جائیگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ مسل کاغذات بعد اجرائے احکام دفتر کونسل میں بھیجے جائیں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ واقع ۱۲ر جولائی ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۸ر جولائی ۱۹۳۶ء میں کاغذات بابت منظوری پندرہ روپیہ ماہانہ ہارس الاؤنس منشی سعیداللہ خاں تحصیلدار سوار از یکم مئی ۱۹۳۶ء پیش ہو کر طے پایا کہ :۔

منشی سعیداللہ خاں کے الاؤنس کے متعلق جو کارروائی عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کے اجلاس سے ہو چکی ہے اس میں کسی مزید حکم کی ضرورت نہیں ہے، اور آیندہ کے لئے تحت دفعہ (۴) اسکیم منظور شدہ ۱۲ر اکتوبر ۱۹۳۵ء اس قسم کے معاملات میں عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کا حکم قطعی ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ بعد اجرائے احکام مسل کاغذات دفتر کونسل کو واپس کئے جائیں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل